174932-خاوند كى اجازت كے بغير بال كاٹنے اور رنگ لگانا

سوال

كيا خاوند بيوى كو بال رنگنے اور كاٹنے سے روک سكتا ہے ؟

اور كيا بيوى خاوند كى مرضى كے بغير اس دليل كے ساتھ ايسا كر سكتى ہے كہ اس نے حرام كام تو نہيں بلكہ مباح كام كيا ہے ؟

اگر خاوند بيوى كو معصيت كا حكم نہ دے تو خاوند كى اطاعت كى حدود كيا ہيں ؟

پسندیدہ جواب

اول :

بيوى پر خاوند كى اطاعت واجب ہے؛ كيونكہ خاوند كو عورت پر حق نگرانى و حكمرانى حاصل ہے :

اللہ تعالى كا فرمان ہے :

{مرد عورتوں نگران و حكمران ہيں}.النساء (34).

ابن كثير رحمہ اللہ كہتے ہيں :

" على بن ابو طلحہ نے ابن عباس رضى اللہ تعالى سے بيان كيا ہے :

مرد عورتوں پر نگران و حكمران ہيں : يعنى وہ ان پر حاكم ہيں اللہ تعالى نے جس ميں خاوند كى اطاعت كا حكم ديا ہے اس ميں اس كى اطاعت كى جائيگى، اور خاوند كى اطاعت يہ ہے كہ بيوى اس كے اہل و اولاد اور مال كى محافظ ہو.

سدى اور مقاتل اور ضحاک نے بھى ايسے ہى كہا ہے " انتہى

ديكھيں : تفسير ابن كثير (2/293).

خاوند كى اطاعت كے وجوب سے دو چيزيں مستثنى ہيں :

اول :

اگر خاوند كى اطاعت كے نتيجہ ميں معصيت و نافرمانى ہوتى ہو، يا تو ترک واجب لازم آتا ہو يا پھر حرام كام كا ارتكاب، تو اس حالت ميں عورت كے ليے اپنے خاوند كى اطاعت كرنا جائز نہيں؛ كيونكہ رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم كا فرمان ہے :

"اللہ تعالی کی معصیت میں کسی مخلوق کی اطاعت نہیں"

صحیح بخاری حدیث نمبر (6830) صحیح مسلم حدیث نمبر (1840).

دوم :

خاوند کی اطاعت کے نتیجہ میں عورت کو ضرر و نقصان ہو، یا پھر اس کے حقوق کے ضیاع کا باعث بنے، تو اس حالت میں عورت پر خاوند کی اطاعت واجب نہیں ہوگی، کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"اطاعت و فرمانبرداری تو نیکی و اطاعت میں ہے"

اور ایک حدیث میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"نہ تو خود نقصان اٹھاؤ اور نہ ہی کسی دوسرے کو نقصان دو"

دوم :

عورت کے لیے بال کاٹنے اور رنگنے جائز ہیں، لیکن شرط یہ ہے کہ یہ کٹنگ مردوں یا پھر کافر عورتوں یا فاسق و فاجر عورتوں کے مشابہ ہو، اور سیاہ رنگ نہ کیا جائے.

عورتوں کا بال کاٹنا اور رنگنے کا حکم سوال نمبر (139414) اور (82671) کے جواب میں تفصیل سے بیان کیا گیا ہے آپ اس کا مطالعہ کریں.

اور اگر خاوند بال کاٹنے اور رنگنے کی اجازت نہیں دیتا تو پھر عورت کے لیے ایسا کرنا جائز نہیں؛ کیونکہ اسے خاوند کی اطاعت کا حکم جب تک اطاعت کے نتیجہ میں معصیت نہ ہوتی ہو، اور اس لیے بھی کہ خاوند کا حق ہے کہ بیوی اس کے لیے بناؤ سنگھار اور خوبصورتی اختیار کرے، اور بلاشک و شبہ عورت کے بال عورت کی خوبصورتی و جمال میں اضافہ کرتے ہیں.

واللہ اعلم.